PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# ایچ بی ایل پی ایس ایل کے براڈکاسٹ رائٹس کی فروخت سے متعلق پی سی بی کی وضاحت

**لاہور، 28 دسمبر 2021ء:**

پاکستان کرکٹ بورڈ، اپنے اسٹیک ہولڈرزاور شائقین کرکٹ کے لیے پی ایس ایل ٹی وی کے براڈکاسٹ میڈیا رائٹس برائے 2022-2023 کی بولی کے شفاف اور میرٹ پر مبنی عمل کی وضاحت پیش کرتا ہے:

- پی ایس ایل ٹی وی کے براڈکاسٹ رائٹس برائے 2022-2023 کے فروخت کے لیے یکم دسمبر 2021 کو دو معروف اخبارات میں ٹینڈر دیا گیا ۔ اس اشتہار میں ٹینڈر جمع کروانے کی آخری تاریخ 23 دسمبر درج تھی۔ جہاں دہندگان کو دو سال (2022 اور 2023) کی مدت کے لیے اپنی مجموعی پیشکش جمع کروانا ضروری تھا۔
- اس سلسلے میں انٹرنیشنل میڈیا کارپوریشن پرائیوٹ لمیٹڈ (جیو انٹرٹینمنٹ کی بنیادی کمپنی)اور اے آر وائے کیمونیکشنز پرائیوٹ لمیٹڈ (اے آر وائے) اور پاکستان ٹیلی ویژن کارپوریشن لمیٹڈ (پی ٹی وی سی) نے بڈز جمع کروائیں۔
- پی سی بی کی جانب سے مقررہ ریزرو قیمت کے اعلان سے کچھ دیر پہلے آئی ایم سی کے نمائندے نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پی سی بی سےاستفسار کیا کہ پی ٹی وی سی نے بحیثیت ریاستی براڈکاسٹرکیسے اے آر وائی کے ساتھ خود سے کنسوریشم بنالیا ہے، جس پر پی سی بی نے یہ استفسار براہ راست پی ٹی وی سی سے کرنے کا مشورہ دیا۔
- بولی لگانے والوں سے پوچھا گیا کہ آیا پی سی بی کی جانب سے ریزرو پرائس کا اعلان کرنے اور پھر مہر بند مالیاتی پیشکش کو کھولنے سے پہلے مزید کوئی خدشات یا اعتراضات ہیں؟ مزید تشویش کا اظہار نہ کیا گیا اور دونوں بولی دہندگان نے اس عمل کو جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔
- جس کے بعد، پی سی بی نے دونوں بولی دہندگان کی موجودگی میں دو سال کے لیے 3.584 بلین کی ریزرو قیمت کا اعلان کیا۔

- اس سے پہلے کہ مالیاتی پیشکش کھولی جاتی اے آر وائی/ پی ٹی وی سی کے نمائندے نے کہا کہ دستاویز کی صورت میں جمع کروائی گئی ان کی مالیاتی پیشکش ایک سال کے لیے تھی اور درخواست کی کہ اس قیمت کو دوگنا سمجھا جائے۔ پی سی بی نے اے آر وائی/پی ٹی وی سی کے نمائندے کو مطلع کیا کہ مہر بند مالیاتی پیشکش کی دستاویز میں ترمیم کے لیے اس زبانی درخواست پر عمل نہیں کیا جا سکتا۔ لہٰذا یہ درخواست مسترد کر دی گئی اور اس فیصلے کو بولی دہندگان نے قبول کر لیا۔
- بولی دہندگان کی مالی پیشکش کو کھولا گیا اور درج ذیل انکشافات کیے گئے:
- آئی ایم سی کی جانب سے حقوق کے لیے مجموعی فیس : 3360000000؛ اے آر وائی/ پی ٹی وی سی کی جانب سے حقوق کے لیے مجموعی فیس: 2108786786 روپے
- کوئی بھی بولی پی سی بی کی جانب سے مقررہ ریزریو قیمت کی نہ تھی
- لہٰذا پہلے سے طے شدہ عمل کے مطابق، دونوں بولی دہندگان کو ایک گھنٹے کے مقررہ وقت میں نظر ثانی شدہ مہر بند مالی پیشکش جمع کر کے ریزرو قیمت کو پورا کرنے یا اس سے تجاوز کرنے کا ایک اور موقع فراہم کیا گیا۔ جس کے بعد، پی سی بی نظرثانی شدہ مالیاتی پیشکش کو کھولے گا اور سب سے زیادہ بولی لگانے والے کو حقوق فروخت کردے گا۔
- نظرثانی شدہ مالیاتی پیشکش دونوں بولی دہندگان کی موجودگی میں کھولی گئیں اور دونوں نے ریزرو قیمت کو درج ذیل حد سے تجاوز کیا:
- آئی ایم سی کی جانب سے حقوق کے لیے مجموعی فیس : 3740000000؛ اے آر وائی/ پی ٹی وی سی کی جانب سے حقوق کے لیے مجموعی فیس: 4350786786 روپے جمع کروائی گئی
- اس کے بعد پی سی بی بڈ کمیٹی نے اے آر وائے/پی ٹی وی سی کو حقوق دینے کی سفارش کی۔
- پی ایس ایل ٹی وی کے براڈکاسٹ رائٹس برائے 2022-2023 کے فروخت کے لیےبڈ ایولویشن رپورٹ پی سی بی کی آفیشل ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔
- بڈ دستاویز میں مقررہ طریقہ کار پر ہر موقع پر مکمل عمل کیا گیا۔
- بولی کے بعد کے خدشات اور اعتراضات اٹھانے کے لیے ایک مناسب پلیٹ فارم، پی سی بی کی کمیٹی برائے شکایات کا ازالہ، کی صورت میں موجود ہے۔ پی سی بی کی اس کمیٹی کو آج تک بولی لگانے والے کسی بھی ادارے سے کوئی شکایت موصول نہیں ہوئی۔

– ENDS –

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**

Assistant Manager - Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB's mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women's game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

